# جے ڈی ڈبلیو شوگر ملز لمیٹڈ

JDW
JDW Group

## 17-عابد مجید روڈ، لاہور کینٹ، لاہور

## اطلاع برائے پہلا عبوری نقد منافع 2025ء

جے ڈی ڈبلیو شوگر ملز لمیٹڈ ("کمپنی") کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے بروز پیر، مورخہ 28 جولائی 2025ء کو منعقد ہونے والے اجلاس میں مورخہ 30 ستمبر 2025ء کو ختم ہونے والے سال کے لئے پہلے عبوری نقد منافع منقسمہ 20 روپے فی حصص (200 فیصد)، جس میں سے شوگر اور دیگر ڈویژن کا 10.00 روپے (100 فیصد) اور پاور ڈویژن کا 10.00 روپے (100 فیصد) ہے، کی سفارش کی ہے۔ مذکورہ پہلا عبوری نقد منافع منقسمہ اُن حصص داران کو ادا کیا جائے گا جن کا نام 04 اگست 2025ء کو دفتری امور کے اختتام تک کمپنی کے ممبر رجسٹر میں درج ہوگا۔
عبوری نقد منافع منقسمہ کے استحقاق کے لئے کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس بروز منگل مورخہ 05 اگست 2025ء سے بروز جمعرات مورخہ 07 اگست 2025ء تک (بشمول دونوں دن) بند رہیں گی۔

**1- توثیق شدہ قومی شناختی کارڈ، انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ نمبر (IBAN) اور ای میل ایڈریس کی ضرورت:**

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کی جاری کردہ ریگولیٹری شرائط کے مطابق، کیش ڈیوڈنڈ کی ادائیگی صرف ان حصص داران کو کی جائیگی جنہوں نے اپنے موئثر شناختی کارڈ/این آئی سی او پی/پاسپورٹ (افراد کی صورت میں) اور رجسٹریشن نمبر (کارپوریٹ ادارے کی صورت میں) کی نقول اور مختص انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ نمبر (IBAN) مہیا کیا ہوگا۔ کمپنی مذکورہ تفصیلات نہ دینے والے کو عبوری نقد منافع منقسمہ کی ادائیگی روک دے گا۔ ایسے حصص داران جنہوں نے ابھی تک مطلوبہ معلومات فراہم نہیں کی ہیں ان سے گزارش ہے کہ وہ اپنی موئثر شناختی کارڈ/این آئی سی او پی/CUIN/پاسپورٹ کی کاپیاں اور اپنے موئثر IBAN کی تفصیلات فراہم کریں۔ مزید برآں، SECP کی ریگولیشنز کی شرائط کے مطابق شیئر ہولڈرز جنہوں نے ابھی تک کمپنی کو اپنے ای میل ایڈریس فراہم نہیں کیئے ان کے لئے ضروری ہے کہ وہ کمپنی کو ای میل ایڈریس فراہم کریں۔

**2- غیر دعویٰ شدہ ڈیویڈنڈ اور شیئر سرٹیفکیٹس:**

وہ حصص داران جنہوں نے ابھی تک اپنے کیش ڈیویڈنٹ وارنٹس، جوکہ خود ان کی تحویل میں ہیں یا کمپنی کے شیئر رجسٹرار / کمپنی کے پاس بطور غیر موصول موجود ہیں کا دعویٰ نہیں کیا ان سے گزارش ہے کہ وہ اپنے غیر ادا شدہ یا غیر دعویٰ شدہ ڈیویڈنڈ کا دعویٰ کمپنی کے شیئر رجسٹرار / کمپنی سے کریں۔ ان حصص داران سے یہ بھی درخواست کی جاتی ہے کہ وہ کسی بھی رائٹ / بونس شیئر سرٹیفکیٹ جو کہ ابھی تک غیر دعویٰ شدہ ہو یا کمپنی کے شیئر رجسٹرار / کمپنی کے پاس بطور غیر موصول موجود ہوں، کا دعویٰ کریں۔

**3- فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرنا:**

کمپنیز ایکٹ، 2017ء کے سیکشن 72 کے مطابق، کمپنیوں کو اپنے فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم (الیکٹرانک فارم) میں تبدیل کروانا لازمی ہے۔ لہٰذا شیئر ہولڈرز جو ابھی بھی فزیکل شیئرز رکھتے ہیں، سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ میں اکاؤنٹ کھول کر اپنے فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کروائیں۔ یہ تبدیلی محفوظ تحویل کو یقینی بنائے گی۔

**4- زکوٰۃ استثنیٰ (CZ-50):**

عبوری نقد منافع منقسمہ کی ادائیگی پر زکوٰۃ کی کٹوتی کی جائے گی اور اسے مقررہ مدت کے اندر متعلقہ اتھارٹی کے پاس جمع کروادیا جائے گا۔ زکوٰۃ کی کٹوتی سے استثنیٰ کا دعویٰ کرنے کیلیے، جن شیئر ہولڈرز نے ابھی تک زکوٰۃ ڈیکلریشن فراہم نہیں کی ہے، ان سے ایک بار پھر درخواست کی جاتی ہے۔ کہ زکوٰۃ ڈیکلریشن، اگر حصص بک انٹری فارم میں موجود ہوں تو اسٹاک بروکرز یا CDC کو، اور اگر حصص فیزیکل فارم میں ہوں تو کمپنی/ شیئر رجسٹرار کو جمع کروایں۔

**5- ٹیکس کے تقاضے:**

**i- شوگر اور دیگر ڈویژن:**

کمپنی کے شوگر ڈویژن کے منافع میں سے جو ڈیویڈنڈ ادا کیا جائے گا، اس پر بالترتیب 15% (فائلر) اور 30% (نان فائلر) کے حساب سے ودہولڈنگ ٹیکس کاٹا جائے گا۔

**ii- پاور ڈویژن:**

پاور ڈویژن کے منافع میں سے انکم ٹیکس آرڈیننس 2001ء شق 18-C، پارٹ-II، سیکنڈ شیڈول کے تحت بالترتیب 7.50% (فائلر) اور 15% (نان فائلر) کے حساب سے ودہولڈنگ ٹیکس کاٹا جائے گا۔

بمقام: لاہور
مورخہ: 29 جولائی 2025ء

بحکم بورڈ
(مقصود احمد ملہی)
کمپنی سیکریٹری/ لیگل ہیڈ